سوال

(60)مغرب، عشاء اور فجر میں ہی بلند آواز سے قراء ت کیوں مشروع ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

باقی فرض نمازوں کو چھوڑ کر مغرب، عشاء اور فجر میں ہی بلند آواز سے تلاوت کیوں مشروع ہے اور اس کی کیا دلیل ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

یہ تو اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہی بہتر جانتے ہیں کہ مغرب، عشاء اور فجر میں بلند آواز سے قراء ت میں کیا حکمت ہے۔ غلب گمان یہ ہے اور صحیح بات تو اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔ غالبا اس میں حکمت یہ ہے کہ ظہر اور عصر کی نسبت ان اوقات میںلوگوں کے مشاغل کم ہوتے ہیں اور ان اوقات میں وہ کلام اللہ سے زیادہ مستفید ہو سکتے ہیں۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ